© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرفِ اول

احباب جانتے ہیں کہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور گزشتہ ربع صدی سے قرآنی تعلیمات کی وسیع پیمانے پر نشرو اشاعت کے علاوہ علوم و معارف قرآنی کی اعلیٰ علمی سطح پر توضیح و تبیین میں بھی مصروف ہے۔ اس کے لئے ہفتہ وار دروس قرآن کے انعقاد' ماہانہ اور ہفتہ وار جرائد کی اشاعت کے علاوہ قرآنی محاضرات (Quranic Seminars) کا اہتمام بھی مرکزی انجمن کے تحت باقاعدگی سے کیا جاتا ہے۔ گزشتہ سال سے ایک سہ ماہی انگریزی جریدے (Quranic Horizons) کا اجراء بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کوشش ہے۔

یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ وطن عزیز کی بقا اور اس کے استحکام کا راز یہاں شریعتِ اسلامی کے صحیح معنوں میں نفاذ یعنی نظام خلافت کے قیام ہی میں پوشیدہ ہے۔ جس کے لئے ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مختلف سطحوں پر گزشتہ پچیس تیس برسوں سے سرگرم عمل ہیں۔ وزیر اعظم جناب میاں محمد نواز شریف صاحب کی سربراہی میں مسلم لیگ کی حکومت سے "مطالبۂ تکمیلِ دستورِ اسلامی" بھی اسی کوشش کی ایک اہم کڑی ہے جس کا آغاز حال ہی میں محترم ڈاکٹر صاحب نے کیا ہے۔ اس لئے کہ جس مثالی اسلامی ریاست کے قیام کا خواب مفکر پاکستان علامہ اقبال اور معمارِ پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح نے دیکھا تھا' وہ اس کے بغیر شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ قارئین کے لئے ہمارا مشورہ ہے کہ وہ ہفت روزہ "ندائے خلافت" کے تازہ شمارہ کا' جو پاکستان میں دستور سازی کی تاریخ اور دستور پاکستان میں اسلامی دفعات کی تدریجی شمولیت کی تفصیلات پر مبنی ہے' مطالعہ ضرور فرمائیں اور حتی المقدور اس مہم میں اپنا حصہ ڈالیں!

احباب نوٹ فرمالیں کہ مرکزی انجمن کی شوریٰ اور مجلس عاملہ کے فیصلے کے مطابق ۲۰ اور ۲۱/اپریل ۹۷ء کو بعد نماز مغرب محاضراتِ قرآنی کی مجالس کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جن میں "قرآن' اقبال اور پاکستان" کے موضوع پر دانش ور حضرات اپنے مقالے پیش کریں گے۔ یہ پروگرام ان شاء اللہ دونوں دن' بعد نماز مغرب قرآن آڈیٹوریم (اتاترک بلاک' نیو گارڈن ٹاؤن) لاہور میں منعقد ہو گا۔

ع صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لئے!

© rasailojaraid.com